EDMONTON PUBLIC SCHOOLS

BOARD OF TRUSTEES
WARD A Sherri O'Keefe
WARD B Marsha Nelson
WARD C Marcia Hole
WARD D Trisha Estabrooks
WARD E Dawn Hancock
WARD F Julie Kusiek
WARD G Saadiq Sumar
WARD H Nathan Ip
WARD I Jan Sawyer

SUPERINTENDENT OF SCHOOLS
Darrel Robertson

Centre for Education
1 Kingsway NW
Edmonton AB T5H 4G9

T 780-429-8000
F 780-429-8318
E info@epsb.ca

October 24, 2022

محترم والدین، سرپرست حضرات اور فیملیز،

اس موسم خزاں میں، ایڈمونٹن پبلک اسکولز (Edmonton Public Schools) اپنے یہاں زیر تعلیم طلبہ کے تنوع کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے کام شروع کر رہا ہے۔ یہ معلومات تمام طلبہ کے لیے اسکول کو ایک خوشگوار اور محفوظ جگہ بنانے کے ہمارے اقدامات کو باخبر بنانے میں معاون ہوں گی۔ آئندہ ہفتوں میں گریڈ 4 تا 12 کے طلبہ کو **طلبہ کے ایک آبادیاتی سروے** میں شرکت کرنے کا موقع ملے گا۔

شرکت کرنے والے طلبہ کلاس کے وقت میں اس سروے کو مکمل کریں گے جس دوران اُن کی رازداری کا خیال رکھا جائے گا، اور حسبِ ضرورت طلبہ کی مدد کے لیے اسکول کے اسٹاف دستیاب رہیں گے۔ سروے کے سبھی سوالات رضاکارانہ ہیں، جس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ صرف انھی سوالوں کے جواب دے گا جن کے جواب دینے میں انہیں آرام محسوس ہو۔

طلبہ کا آبادیاتی سروے کیا ہے؟

2021 کے موسم خزاں میں ایڈمونٹن پبلک اسکولز نے ڈویژن کے اندر نسل پرستی سے نمٹنے اور مساوات کے لیے اقدامات کرنے کے لیے ایک Anti-racism and Equity Action Plan (نسل پرستی مخالف اور مساوات سے متعلق اقدام کا ایک منصوبہ) جاری کیا تھا۔ یہ منصوبہ تین بنیادی پہلوؤں کے اردگرد بنایا گیا ہے۔ ان پہلوؤں کو طلبہ، اسٹاف، فیملیز کے تجربات اور 2020-2021 کے لیے مساوات سے متعلق مشاورتی کمیٹی کی سفارشات کو سننے کے بعد فروغ دیا گیا تھا۔ منصوبے کے اندر جن اہم پہلوؤں کی شناخت کی گئی ہے ان میں ایک اضافی آبادیاتی معلومات اکٹھا کرکے طلبہ کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کرنا بھی شامل ہے تاکہ ان اقدامات کو باخبر بنایا جا سکے جو کہ مثبت تبدیلی کے ضامن ہیں۔

سروے کے ذریعہ، طلبہ سے اپنی مندرجہ ذیل معلومات کو شیئر کرنے کے لئے کہا جائے گا:

- اصلی شناخت
- نسلی شناخت
- نسلی گروہ
- مذہبی یا روحانی لگاؤ
- صنفی شناخت
- جنسی میلان (*صرف گریڈ 7 تا 12*)

ڈویژن یہ معلومات کیوں طلب کر رہا ہے؟

طلبہ کے آبادیاتی سروے سے حاصل شدہ ڈیٹا طلبہ کے تنوع کو بہتر طور پر سمجھنے میں ہمارے مدد کرے گا۔ اس ڈیٹا کا تجزیہ دیگر اُن ڈیٹا کے ساتھ کیا جائے گا جو ڈویژن کے پاس پہلے سے موجود ہیں۔ ان معلومات سے ایڈمونٹن پبلک اسکولز کو اس بات کو بہتر طور پر سمجھنے میں آسانی ہوگی کہ طلبہ کے مختلف گروپوں کا اسکول کا تجربہ کیسا ہے نیز ان اقدامات کو با خبر بنانے میں مدد حاصل ہوگی جنہیں طلبہ کی کامیابی میں تعاون کے لیے اٹھایا جا سکتا ہے۔

آبادیاتی سروے کے ابتدائی نتائج اور رجحانات کا ایک عمومی جائزہ کمیونٹی کے ساتھ شیئر کیا جائے گا- ان معلومات سے انفرادی اسکولوں یا طلبہ کی شناخت نہیں ہوگی-

آپ کے بچے کی معلومات کی رازداری اور حفاظت

طلبہ کی معلومات حساس اور خفیہ ہے- معلومات کے عمدہ انتظام کار کی حیثیت سے، ایڈمونٹن پبلک اسکولز طلبہ کی معلومات اور ڈیٹا اکٹھا، ذخیرہ اور محفوظ کرنے کے لیے *Freedom of Information and Protection of Privacy Act* (FOIP) (معلومات کی آزادی اور رازداری کی حفاظت کے قانون) اور بہترین معمولات پر عمل کرتا ہے-

طلبہ کے جوابات کون دیکھے گا؟

طلبہ کے انفرادی جوابات محفوظ انداز میں ایک مرکزی سرور میں ذخیرہ کیے جائیں گے اور اُن تک ڈویژن کے عملہ کی صرف ایک مختصر تعداد کو رسائی حاصل ہوگی جو کہ ڈیٹا کے انتظام اور رازداری کے لیے ذمہ دار ہیں- طلبہ جو معلومات شیئر کریں گے وہ خفیہ رہیں گی، یعنی اسکول کے اسٹاف، فیملیز یا پبلک کے ساتھ ان کا اشتراک نہیں کیا جائے گا-

والدین کی تشویشات یا سوالات

جو والدین یہ چاہتے ہیں کہ ان کا بچہ اس سروے میں شرکت نہ کرے ان کے لیے اپنے بچے کے اسکول کو اس بارے میں مطلع کرنا ضروری ہے- وہ یہ کام فون کال کے ذریعہ، شخصی بات چیت میں یا تحریری شکل میں کر سکتے ہیں-

مستقبل کے لیے ہماری امید

ایڈمونٹن پبلک اسکولز نسل پرستی کی روک تھام اور مساوات کے لیے پرعزم ہے- طلبہ کی شناخت کے بارے میں مزید جاننے کا موقع با معنی تبدیلی کے لیے ایک اہم قدم ہے- ہم پر امید ہے کہ اس سروے سے ہم ان اقدامات کے بارے میں جانیں گے جن کا نتیجہ ایک ایسے مستقبل کی شکل میں ظاہر ہو سکتا ہے جہاں سارے طلبہ وابستگی کا ایک احساس محسوسکریں اور کامیابی کا تجربہ کریں-

بصد خلوص واحترام،

Darrel Robertson
اسکولز کے سپرنٹنڈینٹ

شخصی معلومات طلبہ، اسٹاف اور عوام الناس کے لیے ایک خوش گوار، خیال رکھنے والا، محفوظ اور قابل احترام ماحول تیار کرنے میں مدد کے لیے Freedom of Information and Protection of Privacy Act (FOIP) (معلومات کی آزادی اور رازداری کی حفاظت کے قانون) کے سیکشن 33(c) اور Education Act قانونِ تعلیم کے مطابق اکٹھی کی جاتی ہیں- FOIP سے وابستہ کوئی بھی سوالات Brenda Hoang کو Division FOIP Office, Technology and Information Management, The Centre for Education, One Kingsway Avenue, Edmonton, Alberta, کینیڈا کے پتہ پر ارسال کیے جا سکتے ہیں- فون: 780-429-8350 1+-